ڈی ایم و ایس پی کا اچانک ضلع جیل کا معائنہ

جیل میں افراتفری، بیرکوں، میس اور جیل اسپتال کا بھی جائزہ لیا

بارہ بنکی (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ ستیندر کمار اور ایس پی دنیش کمار سنگھ نے آج ایک ساتھ اچانک ضلع جیل پہنچ کر جیل کا معائنہ کیا۔ ان کے ساتھ پولیس اور انتظامیہ کے دوسرے افسران بھی موجود تھے۔ افسران کے اچانک معائنہ سے جیل میں افراتفری مچ گئی۔ دونوں افسران نے قیدیوں کی پیشی کے لیے بنائے گئے ویڈیو کانفرسنگ روم کا معائنہ کیا اور پیشی کے طریقے کو دیکھا۔ افسران نے جیل کیمپس میں لگے سی سی ٹی وی فوٹیج کی کراس چیکنگ کرائی۔ قیدیوں سے ملاقات کے سلسلہ میں ہدایت دی کہ ٹاپ ٹن ملزمان کے ملاقات کے رجسٹر کا معائنہ کیا۔

اس کے بعد کنٹرول روم، بیرکوں، میس اور جیل اسپتال کا بھی معائنہ کیا۔ افسران نے قیدیوں سے براہ راست بات کر کے ان کے مسائل اور انہیں مل رہی سہولیات کے سلسلے میں معلومات حاصل کیں۔

افسران نے میس کے معائنہ کے وقت وہاں تیار ہورہے کھانے کے معیار کو بھی پرکھا۔ دونوں افسران نے جیل کے عملہ کو سخت ہدایت دی کہ قیدیوں سے ملاقات کرنے والوں پر بھی سخت نظر رکھیں، ساتھ ہی یہ بھی ہدایت دی کہ قیدیوں کو مقررہ مینو کے مطابق کھانا وغیرہ دیا جائے۔ اس موقع پر جیل سپرنٹنڈنٹ کندن لال سمیت دوسرے افسران موجود تھے۔

5 چور گرفتار، انڈس ٹاور سے ہونے والی چوری کا پردہ فاش

25 لاکھ روپے مالیت کے آلات اور واردات میں استعمال موٹر سائیکل برآمد

بارہ بنکی (ایس این بی) ضلع کی سرویلانس اور تھانہ سترکھ کی مشترکہ ٹیم نے آج پانچ چوروں پر مشتمل بین اضلاع گروہ کو گرفتار کر کے گزشتہ 9/اپریل کو تھانہ سترکھ علاقہ کے موضع سرائے مہی میں واقع انڈس ٹاور سے ہونے والی سنسنی خیز چوری کا پردہ فاش کرتے ہوئے ان کے قبضہ سے چوری کیے گئے 25 لاکھ روپے مالیت کے آلات اور واردات میں استعمال کی گئی موٹر سائیکل برآمد کی ہے۔ آج پولیس لائن آڈیٹوریم میں پریس کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے اڈیشنل ایس پی مشرقی چرنجیو ناتھ سنہا نے بتایا کہ کمپنی کے سیکورٹی فیلڈ افسر راجیش کمار پانڈے نے تھانہ سترکھ میں رپورٹ درج کرائی تھی کہ چوروں نے اجنا ماڈل بی ٹی ایس کارڈ، فریکونسی پلیٹ سمیت لاکھوں کے آلات چوری کرلیے ہیں۔

ایس پی نے چوری کا پردہ فاش کرنے کے لیے مشترکہ ٹیم تشکیل کی تھی جس نے مینول انٹلیجنس اور ڈیجیٹل ڈیا کی مدد سے آج راجندر پرساد عرف گڈو ولد منا لال وشوکرما ساکن شمبھو ناتھ کالونی تھانہ سیر پور ضلع لکھنؤ، سندیپ کمار ولد راج ساکن مہولیا تھانہ گھنگھیتر بارہ بنکی، سبھاش کمار ولد کنہیا لال ساکن ترٹیا تھانہ سیر پور لکھنؤ، امت ولد رام پرکاش ساکن گھنگھیتر اور سندر لال ولد کرپا رام ساکن کمیراؤں تھانہ رام نگر کو گرفتار کر کے ان کی نشاندہی پر ریڈیو فریکونسی ووڈہ فون دو، ایم سی پی باکس، بی سی پی پلیٹ، اجنا کلپس، بی ڈبلو ایس، بی کارڈ بی ایس این ایل، ایم ایم پی یو المونیم کارڈ پلیٹ سمیت دیگر آلات اور واردات میں استعمال کی گئی ایک موٹر سائیکل برآمد کی ہے۔ اڈیشنل ایس پی نے بتایا کہ ملزمان نے پوچھ گچھ میں بتایا کہ ان کا منظم گروہ ہے جو موبائل ٹاوروں سے قیمتی آلات چوری کر کے فرار ملزم راشد ملک کی مدد سے فروخت کرتے ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ فرار راشد ملک کی لکھنؤ میں کہیں کباڑ کی دکان ہے۔ پولیس کی ٹیمیں اس کی تلاش میں جگہ جگہ دوش دے رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایس پی نے مشترکہ ٹیم کو پندرہ ہزار روپے نقد انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ مشترکہ ٹیم میں انچارج سرویلانس سنجیو پرکاش سنگھ، اور ایس او سترکھ امر کمار چورسیا سمیت دوسرے پولیس افسران وملازمین شامل تھے۔

بی جے پی کو انڈیا ایلائنس ہی اقتدار سے باہر کرے گا

حیدر گڑھ میں ایلائنس امیدوار تنج پنیا کے انتخابی دفتر کی افتتاحی تقریب سے گوپ کا خطاب

بارہ بنکی (ایس این بی) بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت ہر محاذ پر ناکام رہی ہے۔ خواتین کو باروقار بنانے کا ڈھونڈھورہ پیٹنے والوں نے خواتین کا احترام نہیں کیا۔ کسانوں کو ان کی پیداوار کی دوگنی قیمت تو درکنار واجب قیمت بھی نہیں ملی۔ نوجوانوں کو نوکری دینا تو دور کی بات ان کی نوکری کی حفاظت نہیں کی۔ ایسی ظلم کرنے والی حکومت کو انڈیا ایلائنس ہی اقتدار سے باہر کرے گا۔ مذکورہ خیالات آج سماج وادی پارٹی کے قومی سکریٹری و سابق ریاستی وزیر اروند سنگھ گوپ نے اسمبلی حلقہ حیدر گڑھ میں ایلائنس امیدوار تنج پنیا کے الیکشنی دفتر کا افتتاح کرتے ہوئے ظاہر کیے۔ انہوں نے اس موقع پر نگر پنچایت کے کارپوریٹروں، گاؤں پردھان، ضلع پنچایت کے ممبران اور علاقہ پنچایت ممبران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اس حلقہ سے تنج پنیا کی کامیابی سے سماج وادی پارٹی کے قومی سربراہ اکھلیش یادو کے ہاتھ مضبوط ہوں گے۔ اس کے ساتھ ہی الائنس بھی مضبوط ہوگا اور بھارتیہ جنتا پارٹی کو شکست ہوگی۔ اس لئے پارٹی کے ہر کارکن کی ذمہ داری ہے کہ وہ تنج پنیا کو کامیاب بنا کرنئی تاریخ رقم کرے۔ تقریب کو خطاب کرتے ہوئے بزرگ لیڈر سابق ممبر پارلیمنٹ رام ساگر راوت نے کہا کہ یہ الیکشن ملک کے روایتی اتحاد باہمی اور قومی اتحاد کو بچانے کا الیکشن ہے۔ ساتھ ہی یہ الیکشن آئین ہند کو بچانے کا بھی الیکشن ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ موجودہ حکومت عام لوگوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈال رہی ہے اس لئے اپنے تمام باہمی اختلافات کو فراموش کر کے تنج پنیا کو لوک سبھا بھیجیے تاکہ آپ کے آئینی حقوق کی حفاظت ہوسکے اور آنے والی نسلوں کا مستقبل محفوظ ہوسکے۔

تقریب کو سابق ممبران اسمبلی رام مگن راوت، رام یوگال راوت، سابق چیئرمین حیدر گڑھ اکھلیش سنگھ، ریاستی سکریٹری عدنان چودھری، سونی یادو، راجیش مشرا، ایوب قریشی، وریندر پردھان وغیرہ نے بھی خطاب کیا۔ دوسری طرف دیوئی میلہ مارکیٹ میں پارٹی دفتر کا افتتاح سابق بلاک پرمکھ سریندر سنگھ ورما نے کیا۔ تقریب میں شہری حلقہ کے ممبر اسمبلی سریش یادو، سابق ممبر راجیہ سبھا ڈاکٹر پی ایل پنیا، ایس عالم وارثی، سرور صدیقی، ویندر یادو، محمد رئیس اور ڈمپل سنگھ وغیرہ موجود تھے۔

دلدل میں پھنس کر نگر پالیکا ملازم کی موت

رائے بریلی (ایس این بی) شہر کے دیوانند پور میں پانی کی لائن پھٹ جانے سے دلدل میں کود کر اس کو درست کر رہے مزدور کی ملبے میں دب کر موت ہوگئی۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اٹورا چوکی کے پورے باجپئی موضع کیلولی ساکن چندر بھوشن ولد شمبھوشرن نگر پالیکا میں تعینات تھا۔

منگل کے روز وہ دیوانند پور میں پانی کی سپلائی والی لائن چوک کرنے کی شکایت پر ساتھ ہی ملازمین کے ساتھ اسے درست کرنے گیا تھا۔ دوپہر قریب دو بجے وہ کھڈے میں اتر گیا اور لائن درست کرتے وقت اچانک کھڈے کے پاس لگا مٹی کا ڈھیر اس کے اوپر جا گرا جس سے وہ دلدل میں پھنس گیا۔ اس بیچ ساتھی ملازمین نے اسے بچانے کی کوشش کی لیکن وہ ناکام رہے۔ جس کے بعد جے سی بی بلا کر اسے باہر نکالا گیا اور ضلع اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔

ضلع بار ایسوسی ایشن کی نومنتخب کمیٹی کی استقبالیہ اور الوداعی تقریب

بارہ بنکی (ایس این بی) ضلع کی بار ایسوسی ایشن کی نومنتخب کمیٹی کی استقبالیہ تقریب کے ساتھ ہی رخصت پذیر کمیٹی کی شکریہ تقریب آج ایسوسی ایشن کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی جس میں نوجوان وکلاء سردار راجا سنگھ، سردار آلوک سنگھ دھرو یادو، روہت نگم، امت سنگھ، سورج یادو وغیرہ نے رخصت پذیر صدر پردیپ سنگھ، جنرل سکریٹری شاہین اختر سمیت دیگر عہداران کو بکے دے کر شکریہ کے ساتھ رخصت کیا جبکہ نومنتخب صدر حصال باری قدوائی، جنرل سکریٹری اشوک کمار ورما، سینئر نائب صدر دویندر یادو، نائب صدر اول راکیش کمار تیواری، نائب صدر دوم انشومان سنگھ، خازن ونود کمار یادو سمیت دوسرے عہدیداران کا خیر مقدم گلپوشی کر کے کیا۔ نومنتخب صدر حصال باری قدوائی نے نوجوان وکلاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ایک نئی روایت شروع کر کے قابل تحسین کام کیا ہے اس موقع سابق صدر ہریش اگنی ہوتری، کوشل کشور ترپاٹھی، سریش چند گوتم اور خوشی رام یادو وغیرہ موجود تھے۔

دارالعلوم نیازیہ میں عازمین حج کی تربیت

اجودھیا (ایس این بی) اجودھیا سے جانے والے 97 عازمین حج کے تربیتی کیمپ کا پروگرام منگل کو دارالعلوم نیازیہ قادریہ ابوسرئے کے ہال میں صبح دس بجے قاری عبدالجلیل حبیبی کی سرپرستی اور حج ٹرینر قاری عبدالوحید کی قیادت میں ہوا۔ پروگرام کا آغاز مولانا محمد نورانی اشرفی نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ سفر حج پر جانے والے عازمین حج سے قاری عبدالجلیل حبیبی نے کہا کہ حج اسلام کا چوتھا رکن ہے جو ہر صاحب استطاعت پر فرض ہے۔ بڑے خوش نصیب ہوتے ہیں وہ لوگ جو اللہ کے مہمان بن کر اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے گھر کی زیارت کرنے جاتے ہیں۔ وہیں مولانا واجد علی فیضی نے بتایا کہ حاجی جب حج مکمل کرلیتا ہے تو گناہوں سے ایسے ہی پاک صاف ہوجاتا ہے جیسے کہ آج ہی اپنی ماں کے شکم سے پیدا ہوا ہو۔ حج ٹرینر قاری عبدالوحید نے بتایا کہ امسال ضلع ایودھیا سے جانے والے تقریباً 97 عازمین حج کو ماہر ڈاکٹر سہیل احمد اور ڈاکٹر بی این کوشل کی نگرانی میں ٹیکہ لگایا گیا، اس موقع پر محکمہ صحت کے اہلکار موجود رہے۔ پروگرام میں سفر حج کے احکامات سے روشناس کراتے ہوئے عملی مشق بھی کرایا گیا۔ اس پروگرام کو کامیاب بنانے میں شہر کے معززین خصوصی طور پر صالح انصاری، ڈاکٹر جاوید اختر، ڈاکٹر انوار، ڈاکٹر عرفان، ڈاکٹر شکیل احمد، اخلاق احمد خان، ایوب، وسیم انصاری، غلام احمد صدیقی، محمد نظیم، آفتاب احمد ایڈوکیٹ وغیرہ شریک رہے۔ نظامت کے فرائض مولانا معراج احمد لکھنوی نے انجام دیا۔ مہمان خصوصی رہے ضلع ایودھیا کے اقلیتی فلاح و بہبود افسر امت سنگھ۔ دارالعلوم نیازیہ قادریہ کے اساتذہ کرام نے پروگرام کو کامیاب بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اس موقع پر عازمین حج کو قیمتی تحائف سے بھی نوازتے ہوئے ان سے خصوصی دعاؤں کی درخواست کی گئی۔

صدر جمہوریہ کی آمد آج

اجودھیا (ایس این بی) صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج یکم مئی 2024 کو تقریباً 4 بجے مہرشی والمیکی ہوائی اڈے اجودھیا پر پہنچ رہی ہیں۔ وہ ہوائی اڈے سے براہ راست ہنومان گڑھی جائیں گی اور پھر رام للا کا درشن پوجا کریں گی اور اس کے بعد سریو آرتی میں شرکت کریں گی۔ اس کے بعد وہ ایئرپورٹ سے نئی دہلی کے لیے روانہ ہو جائیں گی۔ صدر جمہوریہ کے پریس سکریٹری اجے کمار سنگھ کی طرف سے دی گئی معلومات کی بنیاد پر صدر کے تمام پروگراموں کو دوردرشن نیشنل نیوز چینل کے ذریعے کور کیا جائے گا اور اس کا لنک تمام سرکاری اور نجی چینلوں کو دستیاب کرایا جائے گا۔ اس کا پاس دوردرشن کے علاوہ کسی اور میڈیا کو جاری نہیں کیا گیا ہے۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن و چیف منسٹر میڈیا سنٹر لکھنؤ ڈاکٹر مرلی دھر سنگھ نے بتایا کہ اس لنک کو سب کے لیے دستیاب کرایا جائے گا اور جو سینئر حکام کی ہدایات ہونگی اس پر عمل کیا جائے گا۔ اس کام میں پریس سکریٹری کے ساتھ علاقائی نمائش افسر مینک تیواری 9260976482 کو تعینات کیا گیا ہے اور دیگر افسران کے ساتھ ضلع مجسٹریٹ ونے کمار ورما 9453956405 معلومات فراہم کرائیں گے۔

عازمین حج کا تربیتی کیمپ کل

بارہ بنکی (ایس این بی) تنظیم ملت اسلامیہ اترپردیش کے زیر اہتمام گزشتہ برسوں کی طرح اس برس بھی عازمین حج کی تربیتی کیمپ آئندہ 2 مئی کو صدر تنظیم حاجی شکیل احمد انصاری کی صدارت میں مسجد شہاب پور میں صبح 9 بجے لگایا جائے گا۔ تنظیم کے جنرل سکریٹری مولانا منہاج عالم ندوی نے بتایا کہ کیمپ معروف علماء عازمین حج کو ارکان کی ادائیگی کے سلسلہ میں تفصیلی معلومات فراہم کریں گے۔ انہوں نے ضلع کے سب ہی منتخب خواتین اور مرز عازمین سے شرکت کی اپیل کی ہے۔

موہن کی جھوٹی تقریر سے نہیں متاثر ہوں گے امیٹھی کے عوام

کانگریس میڈیا کنوینر کا مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ پر طنز

گوری گنج -امیٹھی (ایس این بی) بھارتیہ یوا کانگریس کے ریاستی ترجمان اور لوک سبھا امیٹھی کے میڈیا کنویز پرانجل تیواری نے دورے پر آئے مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ بھاجپا کی ہی طرح موہن یادو بھی وعدہ خلافی جیسی تقریر کر کے امیٹھی کے عوام کو بہلا پھسلا نہیں پائیں گے۔ امیٹھی کے لوگ بہت ہی سمجھدار اور ایماندار لوگ ہیں۔

جوابی حملہ کرتے ہوئے مسٹر تیواری نے کہا کہ ہمارے یہاں کے یادو بندھو کے ساتھ ساتھ یہاں کے عوام ممبر پارلیمنٹ اسمرتی ایرانی کو ان کے ذریعہ کیے گئے وعدہ خلافی کا جواب دینے اور اپنا ووٹ انڈیا ایلائنس کو دینے کے لیے تیار بیٹھے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب ورغلانے والا وقت چلا گیا ہے۔ اب عوام اپنے حق کی لڑائی کے لیے خود آگے آکر اس حکومت سے لڑ رہی ہے اور لڑ کر اپنا لیڈر خود چنے گی جس طریقے سے وزیر اعلیٰ موہن یادو مدھیہ پردیش میں عوام کو ورغلانے کا کام مسلسل کر رہے ہیں وہی اب یہاں آکر کر رہے ہیں لیکن امیٹھی کی عوام بہت ہوشیار ہے۔ آئندہ الیکشن میں راہل گاندھی کو امیٹھی کے لوگ پورے ملک میں زیادہ سے زیادہ ووٹوں سے کامیاب بنا کر امیٹھی کا ممبر پارلیمنٹ اور ملک کا وزیر اعظم بنائیں گے۔

میں نے سیاست کبھی اقتدار کے لیے نہیں کی

انڈیا ایلائنس کے کانگریس امیدوار راکیش راٹھور کے انتخابی دفتر کا افتتاح

محمود آباد- سیتاپور (ایس این بی) سیتاپور پارلیمانی حلقہ سے انڈیا ایلائنس کے کانگریس امیدوار راکیش راٹھور کے انتخابی دفتر کا افتتاح امیدوار راکیش راٹھو اور پریتی سنگھ راوت نے مشترکہ طور پر فیتہ کاٹ کر کیا۔ اس موقع پر مسٹر راٹھور نے کہا کہ عوام کی دعاؤں اور ان کے آشیرواد سے ہمیں طاقت ملتی ہے۔ میں نے سیاست کبھی اقتدار کے لیے نہیں کی بلکہ میں نے ہمیشہ غریبوں، بے سہاروں اور کمزوروں کی لڑائی لڑی ہے، ان کے حق کے لیے جدوجہد کی ہے۔ مجھے عوام کی حمایت مل رہی ہے۔ اگر مجھے کامیابی ملی تو یقینی طور پر سیتاپور پارلیمانی حلقہ میں ترقیاتی کام ہوں گے۔ انہوں نے اپنے حق میں لوگوں سے ووٹ دینے کی اپیل کی۔

سابق وزیر نریندر سنگھ ورما، نگر پالیکا پریشد کے چیئرمین محمد احمد، وارڈ نمبر 7 سکرن سے ضلع پنچایت ممبر پریتی سنگھ راوت، سپا لیڈر شبیر خاں، شویندر یادو، محمد رضوان منصوری، ایوب احمد ڈپٹی، سردار لکی، ڈاکٹر محمد شفیق خاں، ندیم احمد، امر سنگھ ورما، سپا شہر صدر اشتیاق سعد، محمد عامر وغیرہ نے راکیش راٹھور کے حق میں لوگوں سے ووٹ دینے کی اپیل کی۔ اس موقع پر اسمبلی حلقہ کے سپا صدر محمد قادر، منجو بنسوار، تبریز خاں، معراج احمد، آزاد راعین، رمیش ورما، سنجے شکلا، نظام الدین آزاد، منصور علی سلمانی، اکرام الدین کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگ موجود تھے۔

میاں-بیوی کے جھگڑے میں شوہر کی زہر کھا کر موت

رائے بریلی (ایس این بی) بچھراواں تھانہ حلقہ کے تحت رام پور سدولی گاؤں میں منگل کی دوپہر میاں بیوی کے بیچ معمولی کہاسنی کے دوران شوہر نے زہر کھالیا جس سے اس کی موت ہوگئی۔ اطلاع کے مطابق رام پرکاش ولد لالتا پرساد کی 10 سال پہلے پڑوس میں رہنے والی چاندنی کے ساتھ لومیرج ہوئی تھی۔ رام پرکاش گجرات میں پرائیویٹ کمپنی میں کام کرتا تھا اور ایک مہینے پہلے گھر آیا تھا لیکن کسی بات کو لے کر منگل کی صبح دونوں میاں بیوی میں جھگڑا ہوگیا۔ اس کے بعد رام پرکاش نے زہر کھالیا۔ حالت نازک ہونے پر اس کو سی ایچ سی لے جایا گیا۔ جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ اس سلسلے میں تھانہ انچارج وجندر شرما نے بتایا کہ لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ تحریر ملنے پر آگے کی کارروائی کی جائے گی۔

آتشزدگی میں لاکھوں کا پائپ جل کر خاک

بازار شکل - امیٹھی (ایس این بی) تھانہ حلقہ کے سائیں گنج چوراہا کے نزدیک نامعلوم وجوہ سے گیہوں کے کھیت کی پرالی میں لگی آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے جل جیون مشن اسکیم کے تحت گرام پنچایت میں پانی کی سپلائی کے لیے پڑنے والی پائپ جلنے لگی۔ گاؤں والوں کے ذریعہ آگ لگنے کی اطلاع فائر بریگیڈ کو دی گئی۔ اطلاع کے بعد کافی دیر بعد جب تک فائر بریگیڈ کی ٹیم پہنچتی تب تک آگ نے بھیانک شکل اختیار کرلی اور پائپ جلنے لگا۔ گاؤں والے موقع پر جمع ہوگئے اور جل رہے پائپ کی آگ نے بغل میں واقع موریہ کے گھر کو بھی زد میں لے لیا۔ لاکھوں روپے قیمت کا پائپ جل گیا۔ فائر بریگیڈ کی ٹیم کے ذریعہ گاؤں والوں کی مدد سے گھنٹوں سخت مشقت کے بعد آگ پر قابو پایا گیا مگر تب تک جل جیون مشن اسکیم کے تحت گرام پنچایت میں پانی سپلائی کے لیے ڈالی جانے والی لاکھوں روپے قیمت کی پائپ اور زد میں آئے گھر کی گرہستی جل گئی۔ خبر لکھے جانے تک فائر بریگیڈ عملہ آگ بجھانے میں لگے ہوئے تھے۔ کافی تعداد میں گاؤں والے موقع پر جمع تھے۔

گریجویشن کے امتحان کا آغاز

محمود آباد -سیتاپور (ایس این بی)

بی اے، بی ایس سی اور بی کام کلاسیز کے دوسرے، چوتھے اور چھٹے سمسٹر کے امتحان منگل سے شروع ہوگئے جو صبح 9 بجے سے ساڑھے تین بجے تک تین شفٹوں میں ہوں گے۔ پہلی شفٹ صبح 9 بجے سے ساڑھے دس بجے تک اور پھر 11:30 بجے تک اور تیسری شفٹ دو بجے سے ساڑھے تین بجے تک ہوگی۔ پہلی شفٹ میں مولانا آزاد انسٹی ٹیوٹ میں 76 طلباء وطالبات اور دوسری شفٹ میں آٹھ طلباء وطالبات شریک ہوئے، اس کے علاوہ فخر الدین علی احمد پوسٹ ڈگری کالج میں اور کالج آف مینجمنٹ اینڈ ٹکنالوجی میں بھی امتحان شروع ہیں۔ اسی طرح دیگر کالجوں میں بھی سی سی ٹی وی کیمروں کی نگرانی میں امتحان شروع ہوگئے ہیں۔

مشتبہ حالات میں پولٹری فارم پر لٹکتی ہوئی ملی لاش

رائے بریلی (ایس این بی) ڈیہہ تھانہ حلقہ کے تحت پورے بودھئی گاؤں کے قریب واقع پولٹری فارم پر مشتبہ حالات میں ایک نوجوان کی لاش لٹکتی ہوئی ملی ہے۔ نوجوان فارم پر مزدوری کرتا تھا۔ صبح پائپ سے رسی کے سہارے اس کی لاش دیکھی گئی۔ عینی شاہدین کے مطابق نوجوان کے چہرے پر زخم کے نشان تھے۔ اطلاع ملتے ہی ایڈیشنل ایس پی نوین کمار سنگ موقع پر پہنچے۔ انہوں نے جانچ پڑتال کر لواحقین کو سمجھایا بجھایا اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھجوا دیا ہے۔ متوفی نوجوان دنیش کمار ولد تلارام ڈیہہ تھانہ حلقہ کے امرہیا محلے کا رہنے والا تھا جو مبین ولد رضا علی کے مرغی فارم پر کام کرتا تھا۔ یہ فارم مبین نے عاطف سے کرائے پر لے رکھا ہے۔ دنیش پہلے عاطف کے ساتھ فارم پر کام کرتا تھا لیکن ادھر کچھ دن سے فارم اس کا بند چل رہا تھا اور عاطف نے فارم مبین کو کرائے پر دے دیا ہے جس کے بعد دنیش مبین کے یہاں کام کرنے لگا اور صبح مرغی فارم پر ہی ٹین شیڈ والے پائپ سے لٹکتی ہوئی اس کی لاش ملی ہے۔ اطلاع ملتے ہی سی او سلون وندنا سنگھ موقع پر پہنچیں اور لواحقین کو سمجھانے بجھانے کی کوشش کی لیکن وہ راضی نہیں ہوئے جس کے بعد اے ایس پی نے قتل کا مقدمہ قائم کرنے کی یقین دہانی کر کے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھجوادیا ہے۔

اجودھیا: امیدواروں کی نامزدگی کا عمل شروع

اجودھیا (ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ و ضلع الیکشن افسر نتیش کمار کے مطابق لوک سبھا عام انتخابات 2024 کے پانچویں مرحلے کے لیے نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی امیدواروں کی نامزدگی کا عمل بھی انتظامیہ کے ذریعے کیا جارہا ہے۔ منگل 30 اپریل کو 54-فیض آباد لوک سبھا حلقہ سے تین امیدواروں، یعنی سماج وادی پارٹی سے اودھیش پرساد، بہوجن سماج پارٹی سے سچیدانند اور مولک ادھیکار پارٹی سے کنچن یادو نے ایک سیٹ پر پرچہ نامزدگی داخل کیا۔